© rasailojaraid.com

اقتصادی نظام و معاشی نظام کی طرف ممکنہ پیش رفت اور ان جیسے دیگر جدید پیش آمدہ مسائل کے متعلق مضامین پرچہ کی بنیادی ترجیحات میں شامل ہیں۔

ہم موجودہ صورتحال میں جبکہ زمانہ بہت تیزی سے ترقی کر رہا ہے اور نت نئے مسائل روز افزوں پیدا ہو رہے ہیں۔ اس قسم کے معیاری رسالے کا اجراء ایک نیک شگون ہے اور مولانا سید نصیب علی شاہ صاحب مبارک باد کے مستحق ہیں۔ جنہوں نے اس اہم کام کا بیڑہ اٹھایا۔ البتہ ابتدا میں فہرست مضامین کا نہ ہونا دل و دماغ پر کھٹکتا ہے۔ (م۔ا۔ف)

---

کتاب: انوار القرآن (قرآن کریم کی تفسیری لغات) مولانا عبدالرحمٰن رحمہ اللہ فاضل دیوبند

ضخامت: 608 صفحات قیمت: 350 روپے سنگت پبلشرز لاہور: ۲۵۔سی لوئر مال لاہور

قرآن حکیم اللہ تعالیٰ کی طرف سے اپنے پیارے نبی ﷺ پر نازل کردہ آخری آسمانی معجز کتاب ہے۔ اس کتاب عزیز کی جتنی خدمت کی گئی۔ دنیا میں دوسری کسی کتاب کی نہیں ہوئی۔ دنیا کی مختلف زبانوں میں اس کی تفسیریں لکھی گئیں سینکڑوں ہزاروں مجلّات میں اس کی تفسیریں آئیں۔ کسی نے اس کلام بلاغت نظام کی فصاحت و بلاغت کو موضوع سخن ٹھہرایا، کسی نے اس میں ذکر شدہ احکام کی طرف توجہ دی، کسی نے اس میں قصص و امثال کو مورد تحقیق گردانا۔ کسی نے اس کے حروف و الفاظ کی تعداد پر توجہ دی۔ کسی نے اس کے اعرابات اور اس کی ترکیب میں شبانہ روز محنت کی اور کسی نے اس کی لغوی تحقیق میں غوطہ زنی کی۔ بس گویا ہر ماہر فن نے اپنے ذوق کے مطابق اس کی خدمت کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنایا۔

زیر تبصرہ کتاب کے مؤلف مولانا عبدالرحمان قصوری نقشبندی رحمہ اللہ بھی ان خوش نصیبوں میں سے ہیں، جن کو اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کی اس منفرد خدمت کے لئے منتخب فرمایا۔ اردو زبان میں لغات القرآن کی ایسی جامع کتاب واقعتہً ایک بہت بڑی کاوش ہے۔ تفسیر مذکور کی چند خصوصیات یہ ہیں (۱) اس میں حل لغات کے علاوہ اہم مقامات پر ائمہ تفاسیر کے اقوال بھی پیش فرمائے ہیں۔ (۲) مؤلف نے جا بجا ایسے مفرد الفاظ اور آیات کے شان نزول کا اہتمام کیا ہے جس کا مخصوص پس منظر ذکر کئے بغیر سمجھنا بہت دشوار معلوم ہوتا ہے۔ (۳) قرآنی الفاظ کے اصلی حروف اور ان کے اشتقاق پر بحث کر کے ان کا صرفی اور نحوی حل پیش کیا ہے۔ (۴) لغت اور تفسیر کے علاوہ عقائد اور اعمال سے متعلق ضروری مسائل بھی آیات قرآنی اور احادیث نبویؐ کی روشنی میں بیان کر دیئے ہیں۔ بلاشبہ یہ تفسیر قرآن پاک سمجھنے میں مدومعاون ثابت ہوگی، کیونکہ اس میں قرآن کریم سمجھانے کا آسان سے آسان انداز اختیار کیا گیا ہے۔ اردو دان طبقہ جو کہ عربی لغات سے کما حقہ واقف نہیں ان کے لئے ایسی مختصر اور جامع لغوی تحقیق نعمتِ غیر مترقبہ ہے۔ اعلیٰ کاغذ اور معیاری طباعت، ناشرین کا حسن ذوق کا آئینہ دار ہے۔ (م۔ا۔ف)

© rasailojaraid.com